Prime Minister’s meeting with Prime Minister of Sweden

May 04, 2022

وزیراعظم کی سویڈن کی وزیر اعظم سے ملاقات

وزیراعظم جناب نریندر مودی نے کوپن ہیگن میں دوسری بھارت نارڈک سربراہ کانفرنس کے موقع پر سویڈن کی وزیر اعظم محترمہ میگڈلینا اینڈرسن سے ملاقات کی۔ دونوں رہنماؤں کی یہ پہلی ملاقات تھی۔

بھارت اور سویڈن کے درمیان مشترکہ اقدار، مضبوط کاروبار، سرمایہ کاری اور آر ڈی روابط کی بنیاد پر دیرینہ قریبی تعلقات رہے ہیں، نیز عالمی امن و سلامتی اور ترقی کے بارے میں بھی مشترک نقطہ نظر، جد طرازی، ٹیکنالوجی، سرمایہ کاری اور آر ڈی اشتراک اس جدید تعلقات کی بنیاد فراہم کرتے ہیں۔ پہلی بھارت نارڈک سربراہ کانفرنس کے موقع پر وزیر اعظم مودی کے 2018 کے سویڈن کے دورے میں دونوں فریقوں نے وسیع پیمانے پر مشترکہ ایکشن پلان اختیار کیا تھا اور مشترکہ اختراعی شراکت داری پر دستخط کیے تھے۔

آج کی ملاقات میں دونوں رہنماؤں نے ہماری دو طرفہ شراکت داری میں ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ انھوں نے لیڈ آئی ٹی پہل کی پیش رفت پر بھی اطمینان کا اظہار کیا۔ یہ بھارت اور سویڈن کی مشترکہ عالمی پہل تھی جس کے تحت ستمبر 2019 میں اقوام متحدہ کی کلائمیٹ ایکشن سمٹ میں انڈسٹری ٹرانزیشن (لیڈ آئی ٹی) پر لیڈرشپ گروپ قائم کیا گیا تھا تاکہ دنیا کی سب سے زیادہ گرین ہاؤس گیس (جی ایچ جی) اخراج کرنے والی صنعتوں کو کم کاربن والی معیشت کی طرف منتقل کرنے میں مدد مل سکے۔ اس کے ارکان کی تعداد اب 16 ممالک اور 19 کمپنیوں کے ساتھ 35 ہوگئی ہے۔

دونوں رہنماؤں نے جدت طرازی، آب و ہوا کی ٹیکنالوجی، آب و ہوا کی پہل، گرین ہائیڈروجن، خلا، دفاع، شہری ہوا بازی، آرکٹک، قطبی تحقیق، پائیدار کان کنی اور تجارتی اور اقتصادی تعلقات جیسے شعبوں میں تعاون کو مستحکم کرنے کے امکانات پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

دونوں رہنماؤں کے درمیان علاقائی اور عالمی پیش رفت پر بھی تبادلہ خیال ہوا۔

کوپن ہیگن

03 مئی 2022

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.